## آٹسٹک بچوں کی ذہنی نشونما، تربیت اوران بچوں کے والدین کی رہنمائی کیلئے کراچی کی طرح ملک بھر میں خصوصی ادارے قائم کئے جائیں۔الطاف حسین

### جن بچوں کی ذہنی نشونما میں کمی یا بے ترتیبی پائی جاتی ہووہ ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں''ورلڈ آٹزم ڈے'' کے موقع پر

### ذہنی نشونما میں کمی یا بے ترتیبی کے شکار تمام بچوں اوران کے والدین سے الطاف حسین کا مکمل اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔2،اپریل2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ بچے قوم کا مستقبل ہوتے ہیں اور جن بچوں کی ذہنی نشونما میں کمی یا بے ترتیبی پائی جاتی ہووہ ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔ خصوصی بچوں کے سلسلے میں آگاہی کیلئے دنیا بھر میں منائے جانے والے''ورلڈ آٹزم ڈے'' کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ذہنی نشونما میں کمی یا بے ترتیبی کا شکار بچوں پر خصوصی توجہ دینے کیلئے آج دنیا بھر میں بہت کام کیا جارہاہے اوراس مقصد کیلئے کئی ادارے بھی قائم کئے گئے ہیں لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ پاکستان میں اس بارے میں اب تک خصوصی توجہ نہیں دی گئی۔آٹزم کا پہلا تربیتی ادارہ بھی گزشتہ سال حق پرست قیادت کی کوششوں سے گلشن اقبال ٹاؤن میں قائم کیا گیا جہاں ملک بھر سے آنے والے آٹسٹک بچوں کی ذہنی تربیت کی جاتی ہے۔جناب الطاف حسین نے ورلڈ آٹزم ڈے کے موقع پر ذہنی نشونما میں کمی یا بے ترتیبی کے شکار تمام بچوں اوران کے والدین سے مکمل اظہار یکجہتی کیااور حکومت سے مطالبہ کیا کہ آٹسٹک بچوں کی ذہنی نشونما، تربیت اوران بچوں کے والدین کی رہنمائی کیلئے کراچی کی طرح ملک بھر میں خصوصی ادارے قائم کئے جائیں تاکہ یہ بچے معاشرے کا کارآمد حصہ بن سکیں۔

## آسٹریلیا کے سیکنڈ سیکریٹری مسٹر جیمز میک گری کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال اور کنور خالد یونس سے ملاقات

کراچی۔۔۔2،اپریل2010ء

آسٹریلیا کے سیکنڈ سیکریٹری مسٹر جیمز میک گری (Mr.James McGarry) نے جمعہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سید مصطفیٰ کمال (سابق سٹی ناظم کراچی )اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی،سماجی اور معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مسٹر جیمز میک گری (Mr.James McGarry) کو18ویں ترمیم کی منظوری،صوبائی خودمختاری کے حصول پر بریفنگ دی۔اس موقع پر مسٹر جیمز میک گری نے جمہوریت کے استحکام اوراس کے تسلسل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جاری عملی کاوشوں کو سراہااوراسے ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے اہم سنگ میل قرار دیا۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر پر مبنی کتاب''پکٹوریل بائیوگرافی آف الطاف حسین (Pictorial Biography of Altaf Hussain)'' معزز مہمان کو پیش کی اوران کی نائن زیرو آمد کا شکریہ ادا کیا۔

## 25اپریل کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والا ''پنجاب کنونشن'' ملک کی سیاسی تاریخ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، رضا ہارون

## متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کا مکمل ادراک رکھتی ہے

## ملک پر رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام تعمیر وترقی اور خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے

## ''پنجاب کنونشن'' سے ملک میں تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کی نئی راہیں کھولیں گی اور پنجاب کے عوام کو بنیادی حقوق میسر آئیں گے

## لاہور پریس کلب میں رضا ہارون اور دیگر کی پریس کانفرنس

لاہور۔۔۔2، اپریل 2010ء

ملک پر رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام تعمیر وترقی اور خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کا مکمل ادراک رکھتی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر عمل پیرا ہوکر 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے وجود میں آئی ہے، ایم کیوایم نے قیام کے پہلے روز سے ملک کی تعمیر وترقی اور غریب، محروم ومحکوم اور مظلوموں عوام کی خوشحالی کیلئے کام کیا، 25اپریل کو متحدہ قومی موومنٹ کے تحت مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والا ''پنجاب کنونشن'' ملک کی سیاسی تاریخ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا اس کنونشن سے ملک میں تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کی نئی راہیں کھولیں گی اور پنجاب کے عوام کو بنیادی حقوق میسر آئیں گے۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے لاہور پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، ایم کیوایم لاہور زون، اپر پنجاب زون، سینٹرل پنجاب زون، لوئر زون کے ذمہ داران کے علاوہ متحدہ لائرز فورم لاہور کے انچارج ودیگر اراکین بھی موجود تھے۔ رضا ہارون نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے قیام کے روز اول سے ہی ملک بھر کے غریب، محروم، محکوم اور مظلوم کی خوشحالی اور ان کے تمام تر حقوق کے حصول کا مشن لے کر چل رہی ہے اور آج تک اپنے اسی مشن پر سبک رفتاری کے ساتھ گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم پر مسلط جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم کر رکھا ہے جب تک پنجاب سمیت پاکستان بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوتا ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت میں انقلاب نہیں آسکتا اور ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ان کے جائز حقوق ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ان دنوں پاکستان کی بقاء وسلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں اور ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے جو پاکستان کے ہر شہری کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پنجاب کے غریب ومظلوم عوام بھی بڑی تعداد میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور ان کے فلسفہ کو عام کر رہے ہیں۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ حقوق سے محروم پنجاب کے عوام جو پاکستان کو بچانا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہو جائیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی پاکستان کو بچائے گی۔ ایم کیوایم پاکستان کی وہ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کا مکمل ادراک رکھتی ہے۔ آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستی کی شمع کی کرنیں آزاد کشمیر کے بعد گلگت بلتستان تک پہنچ گئی ہے اور آج آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی اور گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندے پہنچ گئے ہیں۔ رضا ہارون نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیش کردہ نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور نہ صرف ہر قسم کی دہشتگردی اور مذہبی انتہاء پسندی کیخلاف ہے بلکہ مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے مسلسل کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ریاست اور اقتدار کے ڈھانچے میں عام شہریوں کی بھرپور اور موثر شرکت وشمولیت ہوتا کہ معاشی وسماجی طور پر محروم عوام کو آزادانہ اور منصفانہ ماحول میں نہ صرف یکساں مواقع میسر آسکیں بلکہ عوام کو اپنے حال اور مستقبل کے فیصلے کرنے کا خود اختیار ہو اور وہ نہ صرف آج ایک بہتر اور محفوظ زندگی گزار سکیں بلکہ ان کا اور ان کے بچوں کا مستقبل بھی بہتر اور محفوظ ہو، ہمیں یقین ہے کہ ان مقاصد کیلئے پاکستان کے عوام ایم کیوایم کی حمایت اور مدد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی پنجاب میں رکنیت سازی مہم میں عوام جس طرح سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیر ہیں

ہیں اور ہزاروں کی تعداد میں ایم کیوایم کے رکنیت سازی کے فارم بھر رہے ہیں یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کے فکر وفلسفہ اور سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اپنا رہے ہیں اور بار بار اقتدار میں آنے والی سیاسی و مذہبی جماعتوں کو اب مزید آزمانے کے لئے تیار نہیں ہیں اوران کی امید کی بھری نگاہوں کا مرکز اب ایم کیوایم ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اب ہم یہ اعلان کرتے ہوئے از حد خوشی محسوس کررہے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25 اپریل بروز اتوار مینار پاکستان لاہور میں پنجاب کنونشن منعقد ہوگا جس میں پنجاب بھر کے عوام لاکھوں کی تعداد میں شریک ہونگے اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت تیاریاں پچھلے کئی ہفتوں سے تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے پنجاب کے مزدوروں ،کسانوں ، ہاریوں ،طلباوطالبات ،خواتین ، بزرگوں ، ڈاکٹرز ، وکلاء ،اساتذہ ،کھلاڑیوں ، فنکاروں غرض ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوکر نہ صرف اسے کامیاب بنائیں بلکہ ایم کیوایم کی اس تحریک کا حصہ بھی بن جائیں جو مستقبل قریب میں ملک بھر کے عوام کی طرح پنجاب کے عوام کے بنیادی ،سماجی ، سیاسی اور معاشی حقوق کے حصول کے لئے ایک نئے جذبے اورتوانائی کے ساتھ شروع کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ 25 اپریل کو پنجاب میں بھی حق پرستی کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا (انشاءاللہ ) جو نہ صرف پنجاب بھر کو اپنی کرنوں سے منور کردیگا بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر ،مقصد ،مشن ، پروگرام اوران کے نظریے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سے ہی پنجاب کے عوام کو بنیادی حقوق میسرآئیں گے ۔تاہم ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ پنجاب کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے ایک طویل جدوجہد کرنی ہے لہٰذا پنجاب کے عوام سے اپیل ہے کہ وہ اس پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں اس کے علاوہ پنجاب کے عوام سے یہ بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے درمیان سے ایسے لوگوں کو نکالیں اورانہیں پنجاب کے کنونشن میں شرکت کی دعوت دیں جو غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے کے علاوہ تعلیم یافتہ بھی ہوں جو اپنے حقوق کے حصول ایک طویل جدوجہد کرنے پر یقین اوراس سلسلے میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا عزم رکھتے ہوں ۔

## بن قاسم ٹاؤن مظفرآباد کی معروف شخصیت انور شہباز کی اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔2،اپریل 2010ء

بن قاسم ٹاؤن مظفرآباد کی معروف شخصیت انور شہباز نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ہونے والی ایک ملاقات میں کیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں چیئرمین قندیل ویلفیئرآرگنائزیشن اور چیف ایڈیٹر ماہنامہ ارتعاش سجاد خان جدون ، ایڈمنسٹریٹر مون لائٹ گرامر اسکول مجید کالونی لانڈھی محمد شہباز کے علاوہ نواز خان ، کامران خان اور دیگر شامل ہیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم ،ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گل فراز خان اوراراکین بھی موجود تھے۔انور شہباز نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم حق پرست بلدیاتی نمائندوں کے کراچی اور حیدرآباد میں بلاتفریق ترقیاتی اور تعمیراتی کاموں سے متاثر ہیں اور چاہتے ہیں ایسی ہی باصلاحیت قیادت ملک کو فراہم کی جائے تاکہ ملک وقوم ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوسکے ۔ رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے انور شہباز اوران کے ساتھیوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے بنیادی حقوق کے حصول پر مبنی ہے اوراس جدوجہد میں آپ کی شمولیت انتہائی خوش آئند ہے۔

## جنگ پبلی کیشنز ایمپلائز یونین کے سالانہ انتخابات میں ابابیل پینل کے نومنتخب عہدیدار کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔2،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جنگ پبلی کیشنز ایمپلائز یونین (سی بی اے) کے سالانہ انتخابات برائے 2011-2010 میں واضح کامیابی حاصل کرنے پر ابابیل پینل کے نومنتخب عہدداروں کو مبارکباد دی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے نومنتخب صدر رفیق بشیر، نائب صدر وقارالعزیز، جنرل سیکریڑی شکیل یامین کانگا، جوائنٹ سیکریڑی خالد محبوب، خازن محمد ہاشم، اراکین مجلس عاملہ محمد الیاس شمسی، شفیع الزماں صدیقی، محمد رفیق تبسیم، محمد توحید، جاوید اختر اور محمد عارف خان کو بھاری اکثریت سے کامیابی پر دلی مبارکباد دی ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ سی بی اے کے یہ نومنتخب عہدداران آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کے ساتھ ساتھ روزنامہ جنگ کے ملازمین کی فلاح و بہبود اوران کے جائز حقوق کے حصول کیلئے اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی ابابیل پنیل کو انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

## فیڈرل پبلک گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر 1 لیاقت آباد ٹاؤن کو گڈاپ ٹاؤن میں منتقلی کا فوری نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔2،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے فیڈرل پبلک گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر 1 لیاقت آباد ٹاؤن کو ماروی گوٹھ گڈاپ ٹاؤن میں منتقل کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ایک بیان میں انہوں نے سرکاری اسکول کی منتقلی کو لیاقت آباد ٹاؤن کے غریب عوام کے بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنے کی سازش قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ لیاقت آباد میں گنجان آبادی کی وجہ سے پہلے ہی سرکاری اسکولوں کی کمی ہے اوراس اسکول کی منتقلی سے لیاقت آباد ٹاؤن کے رہائشی، اسکول کے اساتذہ اور طلباء میں بے چینی پائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکول میں انرولمنٹ صفر ہونے پر متعلقہ ادارے کے DO اور EDO کیخلاف کاروائی کی جاتی اور طلباء کے داخلوں کو یقینی بنایا جاتا بلکہ اس کے برعکس اسکول کو دوردراز علاقے گڈاپ ٹاؤن میں منتقل کردیا گیا ہے جو لیاقت آباد ٹاؤن کے عوام کے ساتھ سراسر ظلم و ناانصافی کے مترادف ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر تعلیم پیر مظہر الحق سے مطالبہ کیا ہے کہ فیڈرل پبلک گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر 1 لیاقت آباد ٹاؤن کو گڈاپ ٹاؤن منتقل کرنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اوراس گھناؤنی سازش میں ملوث عناصر کو سخت سے سخت سزا دی جائے تاکہ عوام خصوصاً لیاقت آباد کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کو دور کیا جائے۔

☆☆☆☆☆